حج کا ایک ظاہر ہے اور ایک باطن

از قلم: سید اظہار اشرف جیلانی

ماہنامہ الاشرف رسالہ کا مطالعہ کرتے ہوئے اِن اہم نقطہ کو نوٹ کیا۔ڈاکٹر محمد مسعود احمد صاحب لکھتے ہیں:

حج کا ایک ظاہر ہے اور ایک باطن جب تک باطن حاصل نہیں ہوتا حج کا صحیح لطف نہیں آسکتا ظاہر تو یہی ہے کہ حج کے ارکان صحیح ادا کر لیے جائیں اور باطن یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کی طرف ایسی کامل توجہ ہو جو غیر اللہ سے بے نیاز کر دے۔ الفاظ اور لفظ کے پیچ وخم میں اُلجھنے کا یہ وقت نہیں یہ مضطربانہ دعاؤں (یعنی گڑگڑا کر جو دعائیں مانگی جائیں) کا وقت ہے عربی دعائیں نہیں آتیں، نہیں صحیح! اپنی زبان ہی میں دردِ دل بتائیں، وہ مولا ہر دل کی آواز سنتا ہے، ہر بے قرار کی دعا قبول کرتا ہے۔

(ماہانہ رسالہ الاشرف، ڈاکٹر محمد مسعود احمد صاحب، ص:11، عنوان: "حج بیت اللہ"، اگست، 2021)